18-07-2026

Time:09:25 AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔خبروں کا بلیٹن لیکر میں عابدہ اختر

ایل جی حادثہ

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہانے جکھینی ادھمپور میں ایک یاترا بس کو پیش آئے حادثے کے بعد صورتحال کا جائزہ لیا. انہوں نے ڈپٹی کمشنر ادھمپورمنگا شیرپا اورگورنمنٹ میڈیکل کالج کے افسران کو ہدایت دی کہ وہ زخمیوں کو بہتر سے بہتر طبی سہولیات فراہم کریں۔ انہوننے حادثے میں زخمی افراد کی فوری صحت یابی کی دعا کی ہے۔

واضح رہے آج صبح یاترا قافلے میں شامل ایک گاڑی کو حادثہ پیش آیا جس میں اتر پردیش سے تعلق رکھنے والے 5یاتری اور گاندربل سے تعلق رکھنے والا ڈرائیور زخمی ہوا ہے۔ سبھی زخمی افراد کو جی ایم سی ادھمپور منتقل کیاگیاہے جہاں وہ زیر علاج ہیں۔

یاترا

سالانہ شری امرناتھ جی یاترادونوں روایتی راستوں پہلگام اور بالتل سے خوش اسلوبی سے جاری ہے۔ کل شام تک لگ بھگ ساڑھے 3 لاکھ سے زائد یاتریوں نے پوتر گپھامیں حاضری دے کر شیو لنگم کے درشن کئے۔

دریں اثنا آج صبح 7بجے تک مزید 7سو34یاتریوں نے شیولنگم کے درشن کئے ۔

ادھر جموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے3ہزار632 یاتریوں پر مشتمل 17واں قافلہ آج صبح وادی کی طرف روانہ کیاگیا۔

دریں اثنالیفٹیننٹ گورنر منوج سِنہا نے کہاہے اس سال سالانہ امرناتھ جی یاترا کیلئے بہترین نتظامات کئے گئے ہیں اور اس حوالے سے یاتریوں کی جانب سے ملنے والا فیڈ بیک انتہائی حوصلہ افزا ہے۔

(-----(ایل جی نن ونVO--------

ایل جی ملاقات

اور سیکریٹری جنرل CEO پی ایچ ڈی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ایک وفد نے ادارے کے ڈاکٹر رنجیت مہتاکی قیادت میں لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی۔

اس موقعے پر یوٹی میں معیشت،فلم سیاحت،اور سرمایہ کاری کے مواقوں کو فروغ دینے سے متعلق مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ لیفٹیننٹ گورنر نے وفد کو یقین دلایا کہ انتظامیہ سرمایہ کاری، سیاحت اور معیشت کو فروغ دینے میں مکمل تعاون فراہم کرے گی۔

دریں اثنا ورلڈ کانگریس آن نینو میڈیسن کی آر گانزنگ کمیٹی کے صدر اور انسٹچیوٹ آف نینو میڈیکل سائنسزکے بانی ڈائرایکٹر پروفیسر رمیش چندر نے بھی لیفٹیننٹ گورنر سے علیحدہ ملاقات کی جس دوران مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا ۔

JK4C

حکومت نے جمونو کشمیر میں سائبرجرائم سے نمٹنے اور سائبر سیکورٹی کو مزید مستحکم بنانے یعنی جموں و کشمیر سائبر کرائم کوآرڈینیشن سینٹرقائم JK4C کے لئے ایک اہم پیش رفت کے تحت کرنے کو منظوری دی ہے۔

محکمہ داخلہ کی طرف سے جاری ایک حکمنامے کے مطابق یہ مرکز ڈائریکٹر جنرل آف پولیس کی نگرانی میںایک خودمختار ادارے کے طور پر کام کرے گا۔23ضلعی سائبر پولیس اسٹیشن اور2زونل سائبر مراکز اس نئے ادارے کے ساتھ منسلک رہیں گے جن کا سربراہ رینک کا افسر بطور چیف ایگزیکٹو افسر ہوگا۔IGP

کے ساتھ قریبی I4Cیہ سنٹرمرکزی وزارت داخلہ کے انڈین سائبر کرائم کوآرڈینیشن سینٹر اشتراک میں کام کرے گا ،تاکہ اسے قومی سطح پر سائبر جرائم سے نمٹنے کے نظام کے ہم پلہ بنایا جا سکے۔

ستیش شرما

خوراک اور شہری رسد ات کے وزیرستیش شرما نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی قیادت والی حکومت شفاف، جوابدہ اور ترقی پر مبنی طرزِ حکمرانی کے لئے پُرعزم ہے جس

مینیکسان تعمیر وترقی اور معاشرے کے ہر طبقے کی فلاح وبہبودکو خصوصی اہمیت دی جا رہی ہے۔

ان باتوں کا اظہار انہوں نے حلقہ انتخاب چھمب میں 10 کروڑ روپے سے زائد لاگت کے متعدد اہم ترقیاتی منصوبوں کا اِفتتاح کیا اور سنگ بنیادرکھنے کے موقعے پر کیاہے۔

## چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے جموں و کشمیر میں کار بار اور آسان طرز زندگی کو فروغ دینے کے لئے ملکی سطح پر کامیاب ثابت ہوئے بہترین حکمرانی کے ماڈل کو اپنانے پر زور دیا ہے ۔

وہ مختلف محکموں کے انتظامی سیکٹریوں اور متعلقہ محکموں کے سینئرافسران کی ایک اعلی سطح کی میٹنگ میں اظہارخیال کر رہے تھے۔

اس موقعے پر انہوں نے افسران کو ہدایت دی ہے کہ وہ خدمات کی فراہمی میں غیر ضروری ضوابط میں کمی لا کر اسے آسان بنائیں۔

## بک فیسٹول

سرینگر میں شروع ہورہاہے-SKICC چنار بک فیسٹیول کا تیسرا شمارہ آج سے

جولائی تک جاری رہنے والے اس کتب میلے میں مختلف موضوعات کا احاطہ کرنے والی 26 کتابوں کا ضخیم خزانہ فروخت کیلئے دستیاب رہے گا۔

اس فیسٹول میں ملک بھر سے پبلشرز اپنی خدمات دستیاب رکھتے ہیں۔

## درجہ حرارت

جموں کشمیر میں گرمی کی شدت میں ایک بار پھر غیر معمولی اضافہ درج کیاگیاہے۔ وادی میں گزشتہ رات اس موسم کی اب تک کی گرم ترین رات ریکارڈ کی گئی۔

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 23 اعشاریہ 5 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 28 اعشاریہ 4 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ